# ویسٹ برک شائر COVID-19
# مقامی وبا کی روک تھام کا منصوبہ

## رہائشیوں کے لئے معلوماتی کتابچہ















## رابطے میں رہیں

ہم اعتراف کرتے ہیں کہ آپ عام حالات میں کونسل کی خبروں کو سائن اپ نہیں کرنا چاہتے ہوں گے۔ تاہم ہم چاہتے ہیں کہ مقامی وبا پھیلنے کی صورت میں ہم لوگوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے جتنے زیادہ افراد سے جتنی جلدی ممکن ہو، رابطہ کرسکیں۔ لہذا ہم تمام رہائشیوں کو ہمارے COVID-19 ای نیوزلیٹر پر سائن ان کرنے کی تلقین کرتے ہیں، جس کے لئے آپ کو اس ویب پیج پر جانے کی ضرورت ہے: **https://info.westberks.gov.uk/coronavirus-locp** آپ ہمارے سوشل میڈیا چینلز بھی فولو کرسکتے ہیں جن کی فہرست مفید رہنمائی میں موجود ہے۔

**ویسٹ برک شائر کو ہر کسی کے لئے کھلا اور محفوظ رکھنے کے سلسلے میں ہماری مدد کریں۔**

## آپ کو کس سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہے

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ COVID-19 کا شکار ہیں تو اپنی علامات چیک کریں اور یہ جاننے کے لئے کہ آپ کو کیا کرنا چاہیے، اس ویب سائٹ پر تشریف لے جائیں: **www.111.nhs.uk/covid-19** یا اس نمبر پر کال کریں **111**. اگر آپ کو ٹیسٹنگ کروانے کی ضرورت ہو تو یہاں تشریف لے جائیں: **www.nhs.uk/ask-for-a-coronavirus-test** یا اس نمبر پر کال کریں **119**.

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے جائے کار، سکول یا کسی اور جگہ پر کوئی شخص COVID-19 کی علامات کا شکار ہے تو براہ مہربانی اس نمبر پر رابطہ کریں: **01635 503242** (صبح 9 بجے سے شام 5 بجے، پیر تا اتوار) یا یہاں ای میل کریں: **CV19notifications@westberks.gov.uk**

اگر آپ کو سماجی دوری اختیار کرنے کی صورت میں شاپنگ یا ادویات کی ڈیلیوری کے حوالے سے مدد درکار ہو تو براہ مہربانی کمیونٹی سپورٹ ہب سے اس نمبر پر رابطہ کریں: **01635 503579** یا اس پتے پر ای میل کریں: **westberksbct@westberks.gov.uk**

## مفید رہنمائی

جدید ترین مقامی رہنمائی یہاں سے حاصل کی جاسکتی ہے: **www.gov.uk/coronavirus**

ٹیسٹ اور ٹریس کے متعلق معلومات یہاں موجود ہے: **www.nhs.uk/conditions/coronavirus-covid-19/testing-and-tracing**

ہمارے نیوز لیٹر پر سائن اپ کرنا یاد رکھیں: **https://info.westberks.gov.uk/coronavirus-locp**

آپ بذریعہ انٹرنیٹ اس کتابچے کی ہندی، پولش، پرتگالی اور اردو زبانوں میں نقل کی درخواست کرسکتے ہیں: **https://info.westberks.gov.uk/coronavirus-locp**

**ویسٹ برک شائر کو سوشل میڈیا پر فولو کریں**

https://twitter.com/WestBerkshire

www.facebook.com/westberkshire

www.instagram.com/westberkshire

WBC/PH/PG/0720

# محترم رہائشی،

ہم اپنے ضلع میں COVID-19 کے انفیکشن کی شرح کم رکھنے کے حوالے سے آپ کی جاری کوششوں کے لئے آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ اس وبا سے لڑنا ہم سب کے لئے بہت مشکل ہے، لیکن اب تک ہماری انفیکشن کی شرح قومی اور علاقائی سطح سے بہت کم ہے، جو سب کی کوششوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ہمیں اس دوران دوسروں کا احساس نظر آیا ہے، اور رہائشیوں نے اس مشکل وقت میں ایک دوسرے کا بہت ساتھ دیا ہے۔

تاہم افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ وائرس اب بھی موجود ہے، اور ویکسین اور بہتر علاج و معالجے میں ابھی بھی بہت وقت ہے۔ اسی لئے ہم سب کو خود کو، اپنے دوستوں کو، گھر والوں کو، اور اپنی کمیونٹی کو اس وائرس کے پھیلاؤ سے روکنے کے سلسلے میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

اس علاقے میں وبا پھیلنے کا خطرہ ابھی بھی موجود ہے، اور اسی لئے کونسل نے COVID-19 کے لئے مقامی وبا پھیلنے کی روک تھام کا منصوبہ تیار کیا ہے، جس میں بتایا گیا ہے کہ مقامی وبا اور مستقبل کی پابندیوں کا کس طرح انتظام کیا جائے گا۔ اس منصوبے کی موجودگی، اور ویسٹ برک شائر میں وبا پھیلنے کی صورت میں کیا ہوگا اور آپ سے کیا توقعات رکھی جاسکتی ہیں، اس سب کے متعلق آپ کی آگاہی اس منصوبے کی کامیابی میں کلیدی کردار ادا کریں گے۔

لہذا ہم آپ سے درخواست کرتے ہیں آپ مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے یہ کتابچہ پڑھیں تاکہ ہم سب کا تحفظ ممکن ہو۔

**Nick Carter**
چیف ایگزیکٹو

**Lynne Doherty**
رہنما





## مقامی وبا کی روک تھام کا منصوبہ - اس سے کیا مراد ہے؟

اس منصوبے مین ویسٹ برک شائر میں COVID-19 کے مزید پھیلاؤ یا دوبارہ پھیلاؤ کو کم کرکے ہمارے رہائشی اور کمیونٹیز کو تحفظ کی فراہمی کے منصوبے کا خلاصہ پیش کیا گیا ہے۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ ہم، بحیثیت کونسل، COVID-19 کی روک تھام اور انتظام کی زیادہ موثر جوابدہی کے لئے اپنے پارٹنرز اور کمیونٹی کے ساتھ کس طرح کام کریں گے۔ آپ اس لنک کی مدد سے ہماری ویب سائٹ پر خلاصہ دیکھ سکتے ہیں .https://info.westberks.gov.uk/coronavirus-locp

## اگر ویسٹ برک شائر میں وبا پھیلنا شروع ہوجائے تو کیا ہوسکتا ہے؟

- ہم اس وبا کے پیٹرنز اور وجوہات جاننے کے لئے پارٹنرز کے ساتھ کام کریں گے۔
- ممکنہ طور پر متاثرہ تمام افراد کی نشاندہی اور ان کی ٹیسٹنگ اور علیحدگی کو یقینی بنائیں گے۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے ماحول، مثال کے طور پر، کاروبار، سکول، فیکٹری وغیرہ کو معلوم ہو کہ انہیں کیا کرنا چاہیے۔ اس میں ضرورت پڑنے کی صورت میں ان کے مقام کی صفائی یا عارضی طور پر بند کرنا شامل ہوسکتا ہے۔

## آپ وبا سے کس طرح متاثر ہوسکتے ہیں؟

- آپ سے رابطہ کرکے آپ کو ٹیسٹ کروانے کی درخواست کی جاسکتی ہے، اور اگر یہ ٹیسٹ مثبت نکلے تو آپ کو علیحدگی اختیار کرنے کو کہا جاسکتا ہے۔
- کچھ مقامات کچھ عرصے کے لئے بند کئے جاسکتے ہیں اور ان کے محفوظ طور پر دوبارہ کھلنے سے پہلے انہیں ضروری اقدامات کے حوالے سے معاونت فراہم کی جائے گی۔
- سنگین صورتوں میں ویسٹ برک شائر کے کسی علاقے میں کیسز کم ہونے تک مقامی 'لاک ڈاؤن' نافذ کرنے کی ضرورت پیش آسکتی ہے۔
- آپ کو ٹیسٹنگ کے سلسلے میں معاونت فراہم کرنے کے لئے علاقے میں موبائل ٹیسٹنگ کے یونٹس بروئے کار لائے جاسکتے ہیں۔

## آپ ویسٹ برک شائر میں وبا کی روک تھام کے سلسلے میں کیا کردار ادا کرسکتے ہیں؟

- خود کو باخبر رکھیں اور حکومت کی رہنمائی پر عمل کرتے رہیں: **www.gov.uk/coronavirus.** فرض کریں کہ آپ اس کا شکار ہوچکے ہیں اور کوئی بھی اسے پھیلا سکتا ہے۔
- سماجی دوری کے اصولوں کی پابندی جار ی رکھیں، باقاعدگی سے ہاتھوں کو دھو کر اور ہینڈ سینیٹائزر استعمال کرکے اپنے ہاتھوں کو صاف رکھیں، اور جہاں ضرورت ہو، منہ کو ڈھانپ کر رکھیں۔
- اگر آپ یا آپ کے گھر کا کوئی فرد کورونا وائرس کی علامات، یعنی تیز بخار، مسلسل کھانسی یا سونگھنے یا چکھنے کی حسوں کی خرابی، کا شکار ہو تو آپ ٹیسٹ کی درخواست کرسکتے ہیں (جس کی تفصیلات دوسری طرف موجود ہیں)۔
- NHS کی ٹیسٹ اور ٹریس کی سہولت کی ہدایات کے مطابق سماجی دوری اختیار کریں۔ اگر NHS کی ٹیسٹ اور ٹریس کی سہولت آپ سے رابطہ کرے، تو وہ کبھی بھی آپ سے آپ کی مالی تفصیلات، پاس ورڈز، یا رقم کا مطالبہ نہیں کرے گی۔ اس سہولت کے متعلق مکمل تفصیلات اس صفحے کی دوسری طرف موجود ہیں۔